E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | سوموار 5 اکتوبر 2026ء/22 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 236

صدر و وزیراعظم کا ڈیرہ اسماعیل خان میں فتنہ الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے

آصف زرداری

شہباز شریف

بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی مدد سے سرگرم عمل دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

خیبر پختونخوا: دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر ہے، سکیورٹی فورسز دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پرعزم ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں فتنہ الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی مدد سے سرگرم عمل دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ملک میں امن واستحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ انوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی پراکسیز کے ذریعے دہشت گردی کے ناپاک منصوبے کامیاب نہیں ہونے دیں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ملک میں امن قیمتے میں لینے اور فتنہ الخوارج کے تمام اہم سرخیوں کے حامل سکیورٹی اہلکاروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی مدد سے سرگرم عمل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

وزیراعظم کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا، ایک دو چیزوں پر اختلاف تھا لیکن 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، جب صدر سے ملاقات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

پختونخوا میں کیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کر دیے، اپوزیشن مذاکراتی کمیٹی کے ارکان کا شکر گزار ہوں، بہت اچھا ماحول تیار ہوا تھا، صدر مملکت کو دکھانے کے لیے بھی گیا، ایک بہت اچھا ماحول تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ خیبر

محسن نقوی

مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار سہیل آفریدی

ایک اور 9 مئی نہیں ہونے دینگے

99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں

صدر، وزیراعظم جو بھی فیصلہ کرینگے ملکی مفاد میں ہوگا، حکومت عملدرآمد کر یگی، بتا دیا تھا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہو جائینگے

اقتدار بھی انجوائے کریں اور دھونس و دھمکی بھی دیں یہ ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ دھونس اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی، وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی ذمہ داری تھی کہ مذاکراتی کمیٹی نیت سے مذاکرات کیے، ایک بہت اچھا ماحول تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ خیبر



لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، داخلہ و ہیبر کے انتظامات میں کامیابی پر وزیراعظم کے مشیر عرفان صدیقی، وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کی دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وی آئی خان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بہادر اور سرچ سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور پیشہ وارانہ صلاحیت کو سراہا۔

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنک بس پروجیکٹ کے تحت وزیر آباد جنکشن کا اچانک دورہ کر رہی ہیں

پاک افغان کشیدہ تعلقات، ماسکو فارمیٹ کا آٹھواں اجلاس (آج) ہوگا

پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان تعلقات میں مسلسل تناؤ کے باعث ماسکو اجلاس کو اہم سفارتی پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدہ تعلقات کے تناظر میں ماسکو فارمیٹ کا آٹھواں اجلاس (آج) بدھ 5 اکتوبر کو روس میں ہوگا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دہشت گردی، سرحدی سلامتی اور باہمی اختلافات پر طالبان حکومت کا ایک اور موقع ملے گا



این ایچ اے نے 15.26 ارب روپے کی ادائیگی کے بعد M-6 کے لیے اراضی کے حصول کا مکمل کنٹرول سنبھال لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پاکستان کو میسر ناقابل تردید ترین سرکاری اعداد و شمار کے مطابق بفضل باہی دے اتھارٹی نے زمین کے مالکان کو تقریباً 15.26 ارب روپے کی ادائیگی کے بعد سکھر۔ حیدرآباد موٹروے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر اطلاعات عطاتارڑ کے ساتھ کامیابی کا اظہار کر رہے ہیں

صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق 3 پاکستانیوں کی میتیں، 4 زخمی کراچی پہنچ گئے

بارڈر ایجنسٹو رمبر کے عملے نے کراچی ایئرپورٹ پر پہنچنے والے زخمیوں کا طبی معائنہ کیا، جس کے بعد زخمیوں کو ان کے اہل خانہ کے حوالے کر دیا گیا

زخمیوں کا ایئرپورٹ پر میڈیکل چیک اپ، میتیں اور زخمی اہل خانہ کے حوالے، گورنر سندھ سمیت سیاسی شخصیات بھی موجود تھیں

کراچی (این این آئی) صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق ہونے والے تین پاکستانیوں کی میتیں اور چار زخمی پاکستانیوں کو لے کر پی آئی اے کا خصوصی طیارہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پہنچ گیا۔ جاں بحق ہونے والے ایئرلائنز کی پرواز کے ذریعے کراچی پہنچنے والے زخمیوں میں



کراچی: کراچی پریس کلب میں آغا خان یونیورسٹی اسپتال کے اشتراک سے منعقدہ میڈیکل کیمپ کے موقع پر آغا خان یونیورسٹی اسپتال کے ماہرین طب اور نگار ٹرما کا گروپ فوٹو

شانگلہ بجلی کی بدترین اور طویل لوڈشیڈنگ نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا

بجلی پر انحصار کرنے والے چھوٹے کاروبار طویل لوڈشیڈنگ کے باعث تقریباً مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں

بجلی کی بندش کا سلسلہ جاری رہنے سے بعض علاقوں میں بجلی کی مجموعی بندش کا دورانیہ روزانہ 16 گھنٹے سے بھی تجاوز

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ میں بجلی کے اعلان کردہ لوڈشیڈنگ شیڈول کے علاوہ بھی بجلی کی بندش کا سلسلہ جاری رہنے سے بعض علاقوں میں بجلی کی مجموعی بندش کا دورانیہ روزانہ 16 گھنٹے سے بھی تجاوز کر گیا جبکہ بیشتر علاقوں میں ہر ایک گھنٹے بعد بجلی بند کرنا معمول بن چکا ہے۔ بعض مقامات پر پسو کوہ اپوری ڈویژن کی جانب سے بجلی بند کرنے کے بعد کئی کئی گھنٹوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

کراچی میں بھتہ خوری اور فائرنگ کے بڑھتے واقعات، تاجروں کا احتجاج حکومت کی ناکامی کا ثبوت ہے، ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (این این آئی) تحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کی مرکزی کمیٹی نے کراچی میں گزشتہ چند روز کے دوران بھتہ خوری اور فائرنگ کے واقعات میں تشویشناک اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)



کراچی: گورنر سندھ میجر جنرل (ر) محمد سعید الدین اور پاکستان بیت المال کے ایڈمنسٹریٹر (ر) شاہین خالد بٹ ملاقات کر رہے ہیں

تحریک انصاف کا کل مرو سے صوبائی تک لانگ مارچ کے پہلا مرحلہ شروع

جمعرات 8 اکتوبر کو دوپہر ساڑھے 12 بجے چارسدہ انٹرچینج سے روانگی ہوگی، جہاں چارسدہ اور ہمند کے قافلے شامل ہوں گے

پشاور کے دیگر علاقوں کے قافلے کوہاٹ روڈ پل اور موڑہ ٹول پلازہ پر مارچ کا حصہ بنیں گے، جبکہ رات چارسدہ انٹرچینج کے قریب قیام ہوگا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں لانگ مارچ کل صوابی تک پہنچے گا، ذرائع

ہونے کا بتایا گیا۔ لانگ مارچ کی قیادت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کر رہے ہیں، جبکہ اکبر اور دیگر رہنما بھی وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

نوٹ میں لانگ مارچ کا پہلا مرحلہ اتوار کو رکنی مردت کے کنڈی چوک سے شروع ہوگا، ذرائع کے مطابق مارچ کا اصل شرکاء جانے والے کا کوئی پلان نہیں دیا گیا۔ اسلام آباد جانے والے قافلے شریک

راولپنڈی، گودام سے زیتون آئل اور کیش چوری ہونے کا ڈراپ سین

ملازم ہی چور نکلا، ساڑھے 6 لاکھ سے زائد مالیتی زیتون آئل و نقدی برآمد کر لی گئی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ویسٹرج پولیس نے گودام سے زیتون آئل اور کیش چوری ہونے کا ڈراپ سین کر دیا، ملازم ہی چور نکلا، ساڑھے 6 لاکھ سے زائد مالیتی زیتون آئل و نقدی برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹرج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گودام سے زیتون آئل اور کیش چوری ہونے کا ڈراپ سین کر دیا، ملازم ہی 6 لاکھ سے زائد مالیتی

بھارتی فائرنگ میں پاکستانی شہریوں کی شہادت قابل مذمت، عالمی برادری بھارت کو جوابدہ ٹھہرائے، بلیمل ضیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ممبر سیکریٹریٹ فورسز کی محمد جمیل ضیا نے بھارتی سیکیورٹی فورسز کی بلا اشتعال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

چلی پولیس کا 5 رکنی ڈکیت گینگ سے مقابلہ، 3 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

دو ملزمان فرار، گرفتار ملزمان سے 3 غیر قانونی پستول، ایک ہینڈ گرنیڈ، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) ایسٹ زون کے علاقے گجل پولیس نے فی سوسائٹی، انعیم 33 کے قریب کارروائی کے دوران مبینہ پانچ رکنی ڈکیت گینگ سے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں تین ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جبکہ ان کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گجل پولیس نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

مقاصد پاکستان کی تکمیل کیلئے فوری عملی اقدامات اٹھائے جائیں، اسلم فاروقی

قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور آئین سے ہر بار کھلواڑ نے ریاستی بنیادوں کو کمزور کیا، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان کی ہدایت پر پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) بانی ایم کیو ایم پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محبت قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین اور سابق رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بنیادی نظریات سے روگردانی ملک کو در بدر کی سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل کی بڑی وجوہات میں شامل ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

تجارتی خسارہ کم کرنے کیلئے برآمدی صنعتوں کو سہولیات دینا ہوں گی، زبیر طفیل

برآمدی صنعتوں کو صنعتی بجلی کے ٹیرف اور دیگر پیداواری لاگت میں کمی کی اپیل کی جائے، صدر یو پی پی

کراچی (این این آئی) ایکسپورٹ بزنس گروپ (یو پی جی) کے صدر اور ایف بی سی سی آئی کے سابق صدر زبیر طفیل نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کے تجارتی خسارے کے 10.8 ارب ڈالر تک پہنچنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ستمبر 2026ء میں برآمدات میں سالانہ بنیاد پر نمایاں اضافہ نہ ہوا تو



لاہور: وائلڈ سٹیزن ایجوکیشن پروجیکٹ ایسوسی ایشن آف ریسکیو ورکرز کلب کے اشتراک سے منعقدہ واک میں شرکاء کے تعمیر سے پاکستان کے شرکاء مارشل آرٹ میں حصہ لے رہے ہیں

سندھ میں میرٹ کے فروغ اور واحد صوبائی ڈومیسائل نظام پر مجتبیٰ قریشی کا جائے، الطاف شکور

میرٹ پر مبنی نظام ہی مضبوط اداروں، بہتر عوامی خدمات اور شہری اعتماد کی ضمانت ہے

پسماندہ علاقوں کے تحفظات دور کرنا بھی ضروری ہے، چیئرمین پاسبان

ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ سندھ میں سرکاری ملازمتوں، تعلیمی داخلوں اور دیگر مواقع کی فراہمی میں میرٹ کو بنیادی اصول بنایا جانا چاہیے تاکہ سرکاری ادارے زیادہ مؤثر انداز میں کام کر سکیں۔ پاسبان اسٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

کراچی (این این آئی) پاسبان اہلیت، قابلیت اور کارکردگی کی بنیاد پر بہترین افراد کو آگے آنے کے مواقع میسر ہوں اور

چنڈ عاقل میں موٹر سائیکل چور گرفتار، گھر کے باہر سے ڈی 70 کے تالے کاٹ کر چوری

بینظیر پارک کے قریب واردات، شہریوں میں تشویش کی لہر

سیاسی و سماجی رہنماؤں کا پولیس سے چور گروہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

چنڈ عاقل (این این آئی) چنڈ عاقل سٹی میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مبینہ اضافے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے، بینظیر پارک کے عقب میں شیخ محلہ سے ناصلہ افراد شیری حفیظ اللہ شیخ عرف ہیرو کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل کے تالے کاٹ کر لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تقریباً ساڑھے دس بجے بینظیر پارک کے پیچھے شیخ محلہ میں حفیظ اللہ شیخ عرف ہیرو کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل کے تالے کاٹ کر لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تقریباً ساڑھے دس بجے بینظیر پارک کے پیچھے شیخ محلہ میں حفیظ اللہ شیخ عرف ہیرو کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل کے تالے کاٹ کر لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق

راولپنڈی میں پولیس پارٹی پر فائرنگ

برخاستگی 6 ملزمان گرفتار، کلاشنکوف، رائفل، 3 پستول اور زیر استعمال 2 موٹر سائیکل برآمد

زیر استعمال 2 موٹر سائیکل برآمد کر لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بکلاڑ کے علاقہ میں رات گئے ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، برخاستگی 6 ملزمان گرفتار کر کے کلاشنکوف، رائفل، 3 پستول اور

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بکلاڑ کے علاقہ میں رات گئے ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، برخاستگی 6 ملزمان گرفتار کر کے کلاشنکوف، رائفل، 3 پستول اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث دو ملزمان کو موقع پر گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے 3 غیر قانونی پستول، ایک ہینڈ گرنیڈ، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد

چلی پولیس کا 5 رکنی ڈکیت گینگ سے مقابلہ، 3 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

دو ملزمان فرار، گرفتار ملزمان سے 3 غیر قانونی پستول، ایک ہینڈ گرنیڈ، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (این این آئی) ایسٹ زون کے علاقے گجل پولیس نے فی سوسائٹی، انعیم 33 کے قریب کارروائی کے دوران مبینہ پانچ رکنی ڈکیت گینگ سے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں تین ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جبکہ ان کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گجل پولیس نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

پنجاب بھر میں 1416 ٹریفک حادثات میں 12 افراد جاں بحق 1637 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1416 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 799 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر زندگی ضلعی و تفصیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

ریلوے کی 13 ایکسپریس مسافر ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

سنڈل، علامہ اقبال، فیض احمد فیض، فرید، سکھر، بولان، بلیمے شاہ، موئن جو دڑو، لاسانی، سیالکوٹ، کراچی، بہاؤالدین زکریا، تیز گام شامل

روہاں مالی سال کے اختتام تک مسافر مال برداری ٹرینوں کے آپریشن سے مجموعی طور پر 120 ارب آمدن حاصل ہو سکتی ہے، خفیف عباسی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے 13 ایکسپریس مسافر ٹرینوں کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو اشتہار، بولی اور ٹھیکہ دینے سمیت تمام مراحل 31 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر ریلوے خفیف عباسی نے ریلوے کے تمام اعلیٰ افسران کو ہدایت کی ہے کہ ریلوے کے تمام خراب اور ناکارہ پڑے کوچز و دیگر موجود انفرا کو جلد از جلد قابل استعمال بنانے اور پروڈکٹ



لاہور: حفاظتی اقدامات کی خلاف ورزی کے باعث ریلوے کو کروڑوں روپے کا نقصان، گاڑیوں کو روکا جا رہا ہے

پکانے سے پہلے مرغی کا گوشت دھونا خطرناک، جراثیم پورے کچن میں پھیلنے کا خدشہ

آلودہ غذا کے استعمال سے بعض افراد میں پیٹ میں درد، متلی، قے، دست اور بخار جیسی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں

کچے چکن کو دھونے سے سالمونیلا اور کیمپائلوبیکٹر جیسے بیکٹیریا پھیل سکتے، کاغذ تولیہ اور دیگر نقدار کو آلودہ کر سکتے ہیں، ماہرین

کراچی (این این آئی) کھانا پکانے سے پہلے کچے چکن کو کل کے بیچ دھونا بظاہر بے ضرر عمل محسوس ہوتا ہے، تاہم ماہرین صحت کے مطابق یہ عادت فائدے کے بجائے نقصان کا باعث بن سکتی ہے، کیونکہ پانی کے چھینٹوں کے ذریعے کچے گوشت میں موجود خطرناک جراثیم باورچی خانے کی مختلف سطحوں اور دیگر غذاؤں تک پھیل سکتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

ملاکنڈ ڈویژن میں مختلف ٹیکسوں کے نفاذ کیخلاف جاری احتجاجی تحریک فیصلہ کن مرحلے میں داخل

شانگلہ (این این آئی) ملاکنڈ ڈویژن میں یکم جولائی سے مختلف ٹیکسوں کے نفاذ کے خلاف جاری احتجاجی تحریک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگئی، تاجروں، صنعت کاروں، فرانسپورٹرز، ہوٹل و ریسٹورنٹ مالکان، مارکیٹ سکریز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

پی ٹی آئی جمہوریت اور عوام دشمن جماعت ثابت ہو چکی ہے، شرافت اک ناٹیل

وزیراعلیٰ کے پی کے کی قیادت میں گروپ بندی پارٹی کو نقصان پہنچا رہی ہے، بانی پی ٹی آئی کو سزا عدالت نے دی، رہائی بھی عدالت ہی کرے گی، رہنما مسلم لیگ (ن)

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر حاجی شرافت اکاٹیل نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی (اپنے طرز سیاست اور رویوں کے باعث جمہوریت اور عوام دشمن جماعت



تعلیم کے ساتھ تربیت بھی ناگزیر، اساتذہ نئی نسل کو باکردار اور ذمہ دار شہری بنائیں

تقریب کے اختتام پر گورنر سندھ نے مالی یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کی خدمات کو سراہا اور انہیں شیلڈز پیش کیں

مضبوط استادی معاشرے کی ضمانت ہے، جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ اخلاقی اقدار کا فروغ بھی ضروری، عالمی یوم اساتذہ کی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر اور آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ اساتذہ معاشرے

Scanned with CamScanner

سوموار 5 اکتوبر 2026ء 22 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے

بلیٹن نمبر 1

دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ہر گز کامیاب ہونے نہیں دیں گے، انہوں نے کہا کہ عزم استحکام وطن کے تحت تمام افواج کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھی جائیں۔ صدر زرداری نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے جڑ سے خاتمہ کے لئے قومی عزم غیر متزلزل ہے، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے پیادہ سپاہیوں کو ملکی امن و سلامتی کی ضامن قرار دیتی ہے، وزیراعظم نے دہشت گردی کے مکمل خاتمہ تک عزم استحکام کو جاری رکھنے کا عہد کیا، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کے مکمل خاتمہ تک عزم استحکام کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بھرپور تعریف کی، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن پر ہے، سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پرعزم ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کا ہمیں ادراک ہے، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بلیٹن نمبر 2

ایران اور ترکیہ کیم اقبال پیپر، افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبید اکرمن طالبانی اور دوں میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی بھی شامل ہوں گے۔ افغان طالبان کی جانب سے قائم مقام وزیر خارجہ امیر خان متقی وفد کی قیادت کریں گے جبکہ صادق اور امیر خان متقی بھی ہوں گے۔ افغان طالبان کے ایک مہید دار کے مطابق طالبان کی جانب سے ایک کی ملاقات کی درخواست نہیں کی گئی۔ پاکستان مسلسل یہ موقف اعادہ کرتا رہا ہے کہ افغان سرزمین کو موجود سمگ گروہوں اور پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، جبکہ افغان طالبان پاکستان کے مفت کو مسترد کرتے ہوئے اسلام آباد پر افغان خودمختاری کی خلاف ورزی کے الزامات عائد کرتے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان چوتھی کشیدگی پر مبنی کے دیگر ممالک بھی تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلافات کے حل کے لیے مذاکرات اور سیاسی راہ حل پر زور دیا ہے۔ اس سے قبل چین نے بھی اپریل میں میزبانی میں پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کی تھی، تاہم اس مذاکرات سے کوئی نمایاں پیش رفت سامنے نہیں آسکی تھی۔ روسی وزارت خارجہ کے مطابق ماسکو فارمیٹ اجلاس میں افغانستان اور علاقائی ممالک کے درمیان سیاسی و اقتصادی تعاون، دہشت گردی اور منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانے سمیت دیگر امور پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں پاکستان، افغانستان، روس، چین، بھارت، ایران، قازقستان، کرغزستان، تاجکستان اور ازبکستان کے خصوصی نمائندوں اور اعلیٰ حکام کی شرکت متوقع ہے جبکہ ہلاروں اور معمر کہ بطور مہمان مدعو کیا گیا ہے۔ پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان تعلقات میں مسلسل تناؤ کے باعث اسلام آباد کی جانب سے افغان طالبان کے ساتھ اجلاس کے موقع پر پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان براہ راست اعلیٰ سطحی ملاقات یا کسی بریک تھرو کے امکانات فی الحال واضح نہیں ہیں۔

بلیٹن نمبر 3

(M-6) تصوب کے لیے 100 لیٹر ادائی کے حصول کا عمل مکمل کرلیا ہے۔ ادائی کے حصول کی تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے اس نصوبے کے روٹ (الائمنٹ) 7548 کیلئے 7548 کیلومیٹر اراضی درکار تھی، جواب تک عملی طور پر حاصل کر لی گئی ہے جو 306 کلومیٹر طویل مٹروے کے نقشے کا جواب ایک اہم سنگ میل ہے۔ اپنی آگے نے حاصل کردہ اراضی کے عوض تقریباً 15.26 ارب روپے ادا کردیے ہیں جس سے نصوبے کے حصول کا عمل مکمل ہونے سے نصوبے کی بقیہ سرگرمیوں میں بھی رفت آسان ہونے اور مٹروے کی تعمیر اور حتمی تکمیل کی جانب بڑھنے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بلیٹن نمبر 4

انصاری شاں ہیں۔ یقینی وصول کرلے گئے چاں بجن افراد کے اہل خانہ اور عزیز واقارب کراچی ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ اپنے پیاروں کی یقینی پیچھے پر فضا سوگوار ہوگئی اور ایئرپورٹ پر پہنچنے والے مختلف مسافر حیران رہ گئے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے پیادہ سپاہیوں کو ملکی امن و سلامتی کی ضامن قرار دیتی ہے، وزیراعظم نے اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے قتد الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو ٹھکانے پہنچا دینا آپریشن میں ملک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کے مکمل خاتمہ تک عزم استحکام کا اعادہ کیا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ڈی آئی خان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کو سراہتے ہوئے 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی آئی خان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کا ہمیں ادراک ہے، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر ہے، سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پرعزم ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کا ہمیں ادراک ہے، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بلیٹن نمبر 5

ٹیم کھیل بھائی نہ ہونے سے عوام شدید اذیت میں مبتلا ہیں۔ شائقین کی گزشتہ کئی سال سے ہر ایک مقابلے لطف اندوز ہونے کا سلسلہ جاری ہے اور ہر مقابلے دلوں میں مسلسل تین، تین گھنٹے سے بھی زیادہ بند رہتے ہیں۔ ہر مقابلے میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے قتد الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو ٹھکانے پہنچا دینا آپریشن میں ملک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کے خاتمہ تک عزم استحکام کا اعادہ کیا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ڈی آئی خان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کو سراہتے ہوئے 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی آئی خان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کا ہمیں ادراک ہے، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بلیٹن نمبر 6

ہوئے کہا ہے کہ شہر کے تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے میں سندھ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ مرکزی کمیٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ آل کراچی مارٹل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پاک کالونی مارٹل مارکیٹ میں کاروبار کی بندش اور تاجروں کا احتجاج اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بھتہ خوری اور جرائم پیشہ عناصر نے تاجر برادری کی شدید خوف و ہراس میں مبتلا کر رکھا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ تاجروں کا احتجاج ان کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق عین تقاضا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ تاجروں کا تعاون کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کی مرکزی کمیٹی نے کہا کہ شہر خصوصاً تجارتی مراکز میں سرگرم بھتہ خور عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور سخت کارروائی ناگزیر ہو چکی ہے۔ مرکزی کمیٹی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی مشکوک شخص، سامان یا ذہنی تضیات کی اطلاع متعلقہ تھانے، ایس ایچ او یا ہیلپ لائن 15 پر فوری دیں۔ مرکزی کمیٹی نے ڈی آئی خان کے تمام حلقہ جات کے تاجروں سے مطالبہ کیا کہ پاک کالونی مارٹل مارکیٹ سمیت کراچی کے تمام کاروباری مراکز میں تاجروں کو فوری پرف فوری اور فیصلہ کن اقدامات کیے جائیں اور تاجروں کو خوف اور عدم تحفظ کے ماحول سے نجات دلائی جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو تاجر برادری کے جائز مطالبات اور تحفظ کے حق کی حمایت جاری رکھے گی اور اس سلسلے میں ہر ممکنہ اور آئینی قدم پر آواز بلند کرے گی۔

بلیٹن نمبر 7

کے اعلان کے مطابق افواج نے 4 اکتوبر کو جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان، ہنگو، اورکزئی اور کرم میں 5 آپریشن کیے جن میں 12 دہشت گرد مارے گئے۔ 5 اکتوبر کو وزیرستان

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت سے مذاکرات کیے

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت سے مذاکرات کیے، ایک بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کر دیئے، اپوزیشن مذاکراتی کمیٹی کے ارکان کا شکر گزار ہوں، بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا تھا، صدر مملکت کو دکھانے کے لیے بھی گیا، وزیراعظم کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا، ایک دو چیزوں پر اختلاف تھا لیکن 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، جب میں صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیراعظم کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جا رہا ہے، صدر اور وزیراعظم جو بھی فیصلہ کریں گے، ملکی مفاد میں ہوگا اور حکومت اس پر عملدرآمد کرے گی، ہم نے بتا دیا تھا جب آپ کا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہو جائیں گے، اقتدار بھی انجوائے کریں اور ہونسوں دو بھی دیں یہ ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ ہونسوں اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کیے، ڈرافٹ تیار ہونے کے بعد سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم نہیں مانتے، تمام فیصلے سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو خود مذاکرات میں شریک ہوتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ ہم نے کہا تھا دہشتگردی کے خلاف متحد ہو جائیں، دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کرتے ہیں، ہم نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست نہیں کی، پیپلز پارٹی کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ ملتوی ہو، اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ خیبر پختونخوا حکومت مذاکرات کو ویٹو کر دے گی تو ہم مذاکرات ہی نہ کرتے، جب آپ غیر سنجیدہ اور نا سمجھ لوگ اس قسم کی سیٹوں پر بٹھاتے ہیں تو اس کا نقصان ملک کو ہوتا ہے۔ وزیر داخلہ نے سخت لہجے میں کہا کہ ایک بات بالکل واضح ہے کہ ہم کسی بھی صورت میں 9 مئی جیسا سانحہ دوبارہ نہیں ہونے دیں گے چاہے آپ کسی بھی صورت میں آ جائیں، ہم ہر حال میں اسلام آباد ڈی چوک کو تحریک انصاف کے احتجاج سے محفوظ رکھیں گے اور

سہیل اختر سکھیرا کے اعزاز میں الوداعی تقریب، خدمات کو خراجِ تحسین

سہیل اختر سکھیرا نے فیصل آباد میں تعیناتی کے دوران لاکھوں دلوں پر راج کیا' وہ ایک ایسے عوام دوست وخوش اخلاق اور ملنسار انسان تھے

ٹرانسفر اور تعیناتی سرکاری ملازم کی ڈیوٹی کا حصہ ہے' مجھے خوشی ہے کہ میری ٹرانسفر نے بہت سے لوگوں کو غمگین اور افسردہ کر دیا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد سے ٹرانسفر ہونے والے RPO سہیل اختر سکھیرا کے اعزاز میں الحاج نصیر یوسف وہرہ مرکزی صدر کالعہ بورڈ اتحاد گروپ پاکستان کی طرف سے الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں نئے تعینات ہونے والے RPO انعام الرحمٰن ملک' CPO تنویر حسین' CTO ناصر جاوید رانا' مولانا زاہد محمود قاسمی' انجمن تاجران ریلوے روڈ کے چیئرمین میاں مبین شہزاد' انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ الائنڈ گروپ کے صدر چوہدری پرویز اقبال کموکا' ایس ایس پی احمد' ایس پی رانا اظہر جاوید' پی اے ٹو RPO رضوان بھٹی' حافظ رضا' میاں منور' بنگ ٹریڈرز کے صدر حمزہ خالد شیخ' جنرل سیکرٹری رانا اویس زاہد' حافظ رضا کے علاوہ کاروباری' سیاسی' سماجی اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی' خطبہ استقبالیہ میں میزبان الحاج نصیر یوسف وہرہ مرکزی صدر کالعہ بورڈ اتحاد گروپ پاکستان نے کہا کہ سہیل اختر سکھیرا نے فیصل آباد میں تعیناتی کے دوران لاکھوں دلوں پر راج کیا' وہ ایک ایسے عوام دوست و خوش اخلاق اور ملنسار انسان تھے جو فیصل آباد کے عوام کے لئے پولیس آفیسر کے روپ میں ایک مسیحا تھے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

کینال روڈ کی خوبصورتی کیلئے جدید بیوٹیفکیشن اور واکنگ ٹریک منصوبہ

جھال پل سے گٹ والا نک تزئین وآرائش، ڈی ٹائپ چوک سے جھال پل تک واکنگ ٹریک کی تیاری



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کی زیر صدارت اجلاس میں کینال روڈ کی خوبصورتی میں اضافے اور شہریوں کو بہترین تفریحی وصحت مند سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے بیوٹیفکیشن اور واکنگ ٹریک کی تیاری کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں جھال پل سے گٹ والا نک کینال کے اطراف خوبصورت آرچز، یادگاری مونومنٹس، فلوٹنگ ڈیکس، جدید لائٹنگ اور شجرکاری سمیت مختلف تزئین وآرائش کے اقدامات کرنے کا جائزہ لیا گیا جبکہ ڈی ٹائپ چوک سے جھال پل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کا تحصیل جڑانوالہ کا دورہ

صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچنے میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے

تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور تجاویز سے تحصیل جڑانوالہ کے لئے روڈ میپ تیار کیا جارہا ہے جس کو ٹائم لائینز کے مطابق مکمل کرایا جائے گا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے تحصیل جڑانوالہ کا تفصیلی دورہ کیا۔وہ جناح پارک میں گئے اور تفریحی سہولیات کا مشاہدہ کیا۔انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ کو پارک میں معیاری کینٹین بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ پارک کو مزید باسہولت بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے میونسپل کمیٹی آفس میں تحصیل کے تمام سٹیک ہولڈرز سے ملاقات کی۔ارکان اسمبلی بلال بدر چوہدری، خان بہادر ڈوگر کے علاوہ تحصیل امن کمیٹی کے ارکان، مسلم لیگی رہنما تاجر، بار ایسوسی ایشن، میڈیا اور سول سوسائٹی کے افراد بھی موجود تھے۔کمشنر نے کہا کہ تحصیل جڑانوالہ کو ترقی کے لحاظ سے مثالی بنانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے پنجاب سٹیٹز پروگرام، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری عوامی بہبود کے منصوبوں پر پیشرفت لی اور تعمیراتی کام مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں طبی سہولیات میں وسعت لانے کے لئے اقدامات کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی اور کہا کہ ہسپتال میں درکار طبی مشینری کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)



فیصل آباد۔کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ اور ایس ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول مرزا انجم کمال پبلک سکولوں میں ہائی وے پٹرول کے بچوں کے داخلہ فیس میں رعایت پر مفاہمتی یادداشت پر دستخط اور ڈاکومینٹیشن کا تبادلہ کر رہے ہیں

ایف ڈی اے نادہندگان کے خلاف کارروائی، عدم ادائیگی پر جائیدادیں سیل کرنے کا حکم

واجبات کی سو فیصد وصولی یقینی بنانے اور ریکوری مہم تیز کرنے کی ہدایت

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے نادہندگان کے خلاف نتیجہ خیز کارروائی کا حکم دیا ہے اور متعلقہ افسران وسٹاف کو ہدایت کی ہے کہ ایف ڈی اے کے واجبات کی سو فیصد وصولی کو یقینی بنایا جائے اور عدم ادائیگی کی صورت میں نادہندگان کی جائیدادیں سیل کر دی جائیں۔انہوں نے واضح کیا کہ ادارے کے واجبات کی وصولی میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔اس سلسلے میں ایک اجلاس ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ایف ڈی اے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

بلاول بھٹو زرداری کی تجویز پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا آغاز خوش آئند ہے، ہمایوں خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی تجویز پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا آغاز خوش آئند ہے۔اپنے بیان میں ہمایوں خان نے کہا کہ ملک کو مزید سیاسی کشیدگی نہیں بلکہ سنجیدہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



فیصل آباد۔ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کینال روڈ کی بیوٹیفکیشن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیصل آباد کو زیرو ویسٹ سٹی بنانے کیلئے انسدادِ کوڑا کرکٹ مہم تیز

شہریوں، دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو صفائی کا خیال رکھنے کی ہدایت

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن "ستھرا پنجاب پروگرام" کے تحت فیصل آباد کو صاف ستھرا اور زیرو ویسٹ سٹی بنانے کے عزم کے ساتھ شہر میں صفائی آپریشن کے ساتھ ساتھ انسداد کوڑا کرکٹ مہم بھی بھرپور انداز میں جاری ہے۔منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی فیصل آباد عمران شمس کی ہدایات پر ایکٹی لٹرنگ سکواڈ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات پر انسداد کوڑا کرکٹ مہم کے تحت آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔اس دوران شہریوں، دکانداروں اور بالخصوص ریڑھی بانوں کو صفائی کی اہمیت اور کوڑا کرکٹ مقررہ جگہ پر تلف کرنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جارہی ہے۔

وزیراعظم کی فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری، 75 لاکھ شہری فائدہ اٹھا چکے

سکیم کے تحت 84 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن کی گئی، وزارت آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم فیول ریلیف سکیم ملک بھر میں کامیابی سے جاری ہے اور اب تک 75 لاکھ سے زائد شہری فائدہ اٹھا چکے ہیں۔وزارت آئی ٹی نے وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تیسرے ہفتے میں داخل ہونے پر تازہ ترین اعداد وشمار جاری کر دیئے جس کے مطابق پندرہ ستمبر سے شروع ہونے والی اسکیم کے تحت اب تک چوراسی لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن ہو چکی۔جبکہ مستفید ہونے والے شہریوں کی تعداد پچھہتر لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔وزارت آئی ٹی کے مطابق وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کا ٹوکن استعمال کرنے کا تناسب چوراسی اعشاریہ چار فیصد ہے۔اب تک اسکیم کے تحت ایک کروڑ بائیس لاکھ سے زائد ٹوکن جاری کیے جا چکے ہیں۔



فیصل آباد۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل قیصر عباس رند اجلاس میں ریونیو ریکوری کی ڈیٹیل سے بریفنگ لے رہے ہیں

چوہدری تاج محمد رحمانی کی اہلیہ اور چوہدری محمد صدیق پیارا کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی شخصیات اور اہل علاقہ کی بھرپور شرکت

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سرسید ٹاؤن اے بلاک کی کاروباری شخصیت چوہدری تاج محمد رحمانی کی اہلیہ محترمہ اور سابق نائب ناظم تحصیل کمالیہ' پیر محل چوہدری محمد صدیق پیارا کی ہمشیرہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں مرحومہ نہایت نیک سیرت' محب وطن اور سخی خاتون تھیں ان کا جنازہ ان کی اقامت گاہ واقع اے بلاک بالمقابل حق باہو پارک سرسید ٹاؤن سے اٹھایا گیا جبکہ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد پریمیئر طارق روڈ والے بڑے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا' نماز جنازہ میں سیاسی' سماجی حلقوں اہالیان علاقہ اور دیگر نے بھرپور شرکت کی دریں اثناء مختلف حلقوں نے چوہدری تاج (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

مذاکرات کامیابی کی خبریں خوش آئند، کسی کی ہار یا جیت نہیں، پاکستان کی جیت ہے، شوکت یوسفزئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ مذاکرات کی کامیابی کی خبریں خوش آئند ہیں۔ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ مذاکرات کی کامیابی کسی کی ہار یا جیت نہیں، پاکستان کی جیت ہے۔

مدینہ ٹاؤن وائی بلاک میں گھریلو جھگڑے پر ماموں نے فائرنگ کر کے بھانجے کو موت کے گھاٹ اتار دیا

فیصل آباد (آن لائن) مدینہ ٹاؤن وائی بلاک میں گھریلو جھگڑے پر ماموں نے فائرنگ کر کے بھانجے کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتل ماموں کی تلاش شروع کر دی۔بتایا جاتا ہے کہ مدینہ ٹاؤن وائی بلاک گلی نمبر 1 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

جمعرہ روڈ پر نگہبان پورہ پھاٹک کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر لگنے سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

فیصل آباد (آن لائن) جمعرہ روڈ پر نگہبان پورہ پھاٹک کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر لگنے سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق' پولیس نے نعش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر کے حادثہ کے مرتکب ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

فیصل آباد ڈرائی پورٹ پر 23 ویں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

محفل میں سیرت رسول ﷺ پر روشنی ڈالی گئی اور ملکی سلامتی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی

فیصل آباد (پ ر) کسٹم ایجنٹس گروپ فیصل آباد کے زیر اہتمام زیر سرپرستی میاں انور دھنولہ فیصل آباد ڈرائی پورٹ پر 23 ویں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔محفل پاک کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔اس موقع پر ملک کے نامور سکالر (ر) جسٹس نذیر احمد غازی نے خصوصی خطاب فرمایا۔انہوں نے سیرت رسول کریم ﷺ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی والہانہ محبت وعقیدت کو اجاگر کیا۔اس موقع پر کلیکٹر کسٹم طیبہ کیلانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمیں معاشرے کی اصلاح کرنی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

آر پی او سہیل اختر سکھیرا سے جمعیت اہلحدیث کے وفد کی الوداعی ملاقات

جمعیت اہلحدیث نے سہیل اختر سکھیرا کی امن وامان کیلئے خدمات کو سراہا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جمعیت اہلحدیث کے سینئر نائب امیر چوہدری ذوالفقار علی نت کی قیادت میں وفد کی آر پی او سہیل اختر سکھیرا سے الوداعی ملاقات۔وفد میں جمعیت اہلحدیث کے سیکرٹری اطلاعات محمد امین فاروقی' اہلحدیث یوتھ فورس فیصل آباد کے صدر حافظ معاذ حسنی' حافظ نعمان' احسان' محمد جنید بشیر' شیخ محمد انس ودیگر شامل تھے اس موقع پر جمعیت اہلحدیث فیصل آباد کے سینئر نائب امیر چوہدری ذوالفقار علی نت نے آر پی او سہیل اختر سکھیرا کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد میں قیام امن وامان کیلئے اہم کردار ادا کرنے والے اور چوری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

سردار عمران کی مدینہ منورہ کی سمت حوثی ملیشیا کے حملے کی کوشش کی شدید مذمت

روضہ رسول کی جانب کسی بھی جارحیت یا حملے کی خبر امتِ مسلمہ کے دلوں کو زخمی کر دیتی ہے، رہنما پیپلز پارٹی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے نوجوان رہنما سردار عمران نے مدینہ منورہ کی سمت حوثی ملیشیا کی حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ روضہ رسول کی جانب کسی بھی جارحیت یا حملے کی خبر امتِ مسلمہ کے دلوں کو زخمی کر دیتی ہے، حرمین شریفین کی حرمت اور تقدس ہمارے ایمان اور عقیدے کا حصہ ہے۔اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مقدس مقامات کی طرف اٹھنے والا ہر قدم پوری امت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

بھارتی فائرنگ کی شدید مذمت، نہتے پاکستانی شہریوں کا قتل ناقابل قبول ہے

پاکستان امن کا خواہاں ہے، مگر خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا



فیصل آباد (پ ر) جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن کارپوریشن فیصل آباد میاں ضیاء الرحمان نے قصور کے قریب بھارتی بی ایس ایف کی فائرنگ سے دو پاکستانی شہریوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی سرحد پر نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا انسانی جان کی حرمت اور طے شدہ سرحدی ضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نہتے پاکستانی شہریوں کو فائرنگ کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

پی ٹی آئی کو غیر مشروط طور پر لانگ مارچ ختم کرنا ہوگا، خلیل طاہر سندھو

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ہونے والے مذاکرات قانون اور اصول کے مطابق ہوں گے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن میڈیا ٹیزنگ پنجاب کے صدر بیٹیئر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ہونے والے مذاکرات قانون اور اصول کے مطابق ہوں گے۔سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق موجودہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

حکومت روزانہ کی بنیادوں پر پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے، ملک ذوالفقار

اگر پٹرول سستا نہیں کر سکتے تو پھر حکومت ہی چھوڑ دیں آپ کا عوام پر بڑا احسان ہوگا، گفتگو



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی پی 118 کے ٹکٹ ہولڈر حاجی ملک ذوالفقار علی نے کہا ہے کہ حکومت روزانہ کی بنیادوں پر پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے جس طوفان آچکا ہے آج پٹرول کی فی لیٹر قیمت چار سو روپے تک جا پہنچی ہے میرا اس ناکام حکومت کو مشورہ ہے کہ آپ روز روز لوگوں کو مارنے کی بجائے ایک مرتبہ ہی مار دیں تاکہ عوام کی بھی جان چھوٹ سکے اور حکومت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34) کی وجہ سے ملک میں مہنگائی کا نہ رکنے والا

خواتین کو بااختیار بنانے کے منصوبے تیز کریں گے، قرۃ العین

چیمبر کے مقاصد کے حصول اور مزید ترقی کے لیے اعتماد سازی (Building Trust) انتہائی ضروری ہے

2026-28ء کے لیے فیصل آباد ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی صدر منتخب ہونا ان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی نائب صدر محترمہ قرۃ العین نے کہا ہے کہ فیصل آباد ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FWCCI) خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق اپنے مختلف منصوبوں اور اقدامات کو تیز رفتاری سے آگے بڑھانے کے لیے بورڈ آف مینجمنٹ (BOM) تشکیل دے گا۔انہوں نے یہ بات 29 ستمبر 2026ء کو ایف سی سی آئی بورڈ روم میں منعقدہ فیصل آباد ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ اجلاس عام (AGM) سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ 2017ء میں قیام کے بعد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

عالمی یوم حیوانات، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں آگاہی واک

جانوروں کی فلاح، صحت اور ذمہ دارانہ دیکھ بھال کی اہمیت اجاگر کی گئی

فیصل آباد (آن لائن) ویٹرنری ماہرین کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں، عالمی آبادی میں تیزی سے اضافے کے باعث دنیا بھر میں جانوروں کی بقا کو سنگین خطرات لاحق ہیں، ہمیں جانوروں کی تمام اقسام اور انسانوں کے ساتھ ان کے تعلق کو اہمیت دیتے ہوئے ان کی زندگی کا جشن منانا چاہیے جانور ماحولیاتی نظام میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں اور انسانوں کو فطرت سے قریب لانے کا ذریعہ بھی ہیں اس سلسلہ میں گذشتہ روز زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے کلیہ ویٹرنری سائنسز میں عالمی یوم حیوانات کے موقع پر آگاہی واک اور تعلیمی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے: صدر آزاد کشمیر

کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لیے حق خودارادیت دیا جانا چاہیے، نیب نفی کی حریت رہنماؤں سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی اور سپیکر اسمبلی چوہدری طارق فاروق سے کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر و پاکستان کے وفد نے ملاقات کی۔ 2 اکتوبر کو ہونے والی ملاقات میں مقبوضہ جموں وکشمیر کی تازہ صورتحال، بھارتی اقدامات، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد کی قیادت کنوینر غلام محمد صفی نے کی، وفد میں محمد فاروق رحمانی، محمود احمد ساغر، جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ پرویز احمد شاہ، سید فیض نقشبندی، شیخ عبدالتین، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز، ترقیاتی سرگرمیوں میں معیار، شفافیت کو یقینی بنایا جائے، میر ظہور بلیدی

گوادر (این این آئی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گوادر کے دورے کے موقع پر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں جاری و مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں، شہر میں پانی کی فراہمی کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

میر ظہور بلیدی کا سربندر کے ننھے گلوکار باقر اوماں کیلئے جی ڈی اے سکول میں سکالرشپ کے تحت مفت تعلیم فراہم کرنے کا اعلان

گوادر (این این آئی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے دورہ گوادر کے موقع پر سربندر کے ننھے گلوکار باقر اوماں کے لیے جی ڈی اے سکول میں اسکالرشپ کے تحت مفت تعلیم فراہم کرنے کا اعلان کیا۔

شہدا اور پولیس ملازمین کے بچوں کیلئے تعلیمی سہولیات بڑھا رہے ہیں، مرزا انجم کمال

تعلیمی اداروں سے معاہدہ، خصوصی تعلیمی پیکیجز اور فیس میں رعایت دی جائے گی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس فیصل آباد رجنیش مرزا انجم کمال کی خصوصی کاوش سے ملازمین کی ویلفیئر کا ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا۔پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس کے شہداء، مرحوم ملازمین اور حاضر سروس پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کمشنر فیصل آباد عمران حامد شیخ ساتھ School DPS، School DMC، College & اور Sandal Bar College کے پرنسپلز کی موجودگی میں مفاہمت کی یادداشت (M O U) پر دستخط کیے گئے۔مفاہمتی یادداشت کے تحت مذکورہ تعلیمی اداروں میں پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس کے شہداء، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

علوم شرقیہ ودیگر امتحانات 2026 کے نتائج جاری، کامیابی کا تناسب 95 فیصد

20 امیدوار کامیاب، رزلٹ کارڈز امیدواروں کے پتوں پر ارسال کیے جائیں گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین کی ہدایت پر ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے زیر اہتمام ہونے والے امتحان علوم شرقیہ' فاضل عربی' فاضل پنجابی اور ادیب اردو (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔کنٹرولر امتحانات پروفیسر رانا شفیق الرحمٰن نے بتایا کہ امتحان کیلئے کل 26 امیدواران نے اپنا داخلہ بھجوایا مگر ان میں سے 25 شریک ہوئے تاہم 20 پاس جبکہ 5 فیل ہوئے اور یوں کامیابی کا تناسب 95 فیصد رہا۔انہوں نے کہا کہ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران اپنا رزلٹ معلوم کرنے کیلئے ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کی انٹر برانچ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



فیصل آباد۔ڈین اسلامیہ کے صدر پروفیسر ڈاکٹر شیخ محمد نعیم سیرۃ و خواتین صدر پروفیسر ڈاکٹر محمد ہارون سیرۃ چیئر کے اعزاز میں منعقدہ سیمینار کی تصاویر دکھا رہے ہیں

حکومت غربت' مہنگائی' بے روزگاری کے خاتمہ کے لئے کوشاں ہے

معاشی استحکام کے لئے وزیراعظم پاکستان موثر اقدامات کر رہے ہیں' محمد اسماعیل گوری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے سرگرم کارکن محمد اسماعیل گوری نے کہا کہ حکومت غربت' مہنگائی' بے روزگاری کے خاتمہ کے لئے کوشاں ہے معاشی استحکام کے لئے وزیراعظم پاکستان موثر اقدامات کر رہے ہیں فیصل آباد اور دیگر اضلاع میں تعمیر وترقی کے جاری منصوبے وزیراعلیٰ پنجاب کی عوام دوستی کا مظہر ہیں انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے رواں سال میں مزید 3 لاکھ سے زائد بے گھر خاندانوں کو اپنی چھت اپنا گھر سکیم کے تحت قرض فراہم کرنے کا اعلان کر کے ثابت کر دیا ہے کہ مسلم لیگ ن کو غریب عوام کا احساس ہے جبکہ پی ٹی آئی نے اپنے دور میں لاکھوں خاندانوں کو بے گھر کیا ڈیڑھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

ایف آئی اے کی کارروائی، بیرون ملک جانے والے دو مسافروں سے 55 ہزار سے زائد ڈالر برآمد

امیگریشن کے دوران دونوں مسافروں کو مزید تصدیق اور پروفائلنگ کے لیے متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) امیگریشن جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کراچی نے متحدہ عرب امارات جانے والے دو مسافروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 55 ہزار 100 امریکی ڈالر برآمد کر لیے۔ایف آئی اے امیگریشن حکام کے مطابق ابتدائی تفتیش کے دوران سامنے آنے والی معلومات کے مطابق مذکورہ رقم مبینہ طور پر غیر رسمی اور غیر مجاز ذرائع سے پاکستان سے متحدہ عرب امارات منتقل کی جا رہی تھی، دونوں مسافر محمد عابد اور باسط نواز درست پاکستانی پاسپورٹ اور متحدہ عرب امارات کے ویزوں پر سفر کر رہے تھے۔حکام نے بتایا کہ امیگریشن کے دوران دونوں مسافروں کو مزید تصدیق اور پروفائلنگ کے لیے متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیا گیا۔

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

شہر اور گردونواح میں 60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے

متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی

فیصل آباد (آن لائن) پاکستان کا تیسرا بڑا شہر فیصل آباد ڈاکوؤں اور چوروں کی آماجگاہ بن گیا، شہر اور گردونواح میں 60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی۔تفصیل کے مطابق وارث پورہ دکھیر پورہ کے قریب طالب حسین سے 40 ہزار دفون، عباس پورہ کے قریب بشیر سے 30 ہزار دفون چھین لیا، گورنمنٹ گرلز کیمونٹی مڈل پرائمری سکول سے قیمتی سامان چوری، 261 ر ب کے منور حسین کے گھر کے تالے توڑ کر قیمتی سامان چوری، 87 گ ب کے صابر کے گھر کا صفایا کر دیا گیا، 83 ج ب کے تسنیم عارف سے نقدی دفون چھین لیا، ساہیانوالہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)



فیصل آباد: سی پی او تنویر حسین کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

حکومت سے اپوزیشن کے مذاکرات فیس سیونگ کیلئے تھے، شیر افضل مروت

پشاور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ حکومت سے اپوزیشن کے مذاکرات فیس سیونگ کے لیے تھے۔ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی کو دھوکے میں رکھا گیا، یہ لانگ مارچ ختم کرنے کا بہانہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ مذاکرات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

فیصل آباد میں ہم جدا نہیں دستاویزی فلم کی نمائش

مخلوط طرز انتخاب، مساوی شہریت اور اقلیتوں کی سیاسی نمائندگی پر مکالمہ کیا گیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مخلوط طرز انتخاب کی تحریک پر دستاویزی فلم "ہم جدا نہیں" کی نمائش فیصل آباد: ادارہ برائے سماجی انصاف کی پیش کش دستاویزی فلم "ہم جدا نہیں" کی نمائش کا اہتمام فرسٹ پی پی چرچ وارث پورہ میں کیا گیا، یہ جداگانہ انتخاب کے نظام کے خاتمے اور مخلوط طرز انتخاب کی بحالی کے لیے کی جانے والی تاریخی جدوجہد کی عکاسی کرتی ہے۔پاکستان میں جداگانہ انتخاب کے 22 سال کے تجربے کے بعد 2002 میں مخلوط طرز انتخاب کو بحال کیا تھا۔یہ قدم اقلیتوں کے لیے مساوی شہریت اور سیاسی نمائندگی کی سمت ایک اہم پیش رفت تھا۔

فشریز قانون کو حتمی شکل دینے سے قبل مقامی ماہی گیروں، سٹیک ہولڈرز کی آراء کو خصوصی اہمیت دی جائے گی، قائمہ کمیٹی محکمہ فشریز بلوچستان

گوادر (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ فشریز کے زیر اہتمام مجوزہ بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 اور محکمہ فشریز میں اصلاحات کے حوالے سے ایک مشاورتی اجلاس گوادر میں منعقد ہوا۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

مذاکرات شروع ہونا بڑی کامیابی، سلسلہ ٹوٹنا نہیں چاہیے: فواد چوہدری

میری رائے ہے بانی سے موجودہ قیادت کے بجائے سینئرز کی ملاقات کرائی جائے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ہم تو پہلے دن سے مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، مذاکرات شروع ہونا بڑی کامیابی ہے۔ایک انٹرویو میں فواد چوہدری نے کہا کہ مذاکرات کو جاری رہنا چاہیے، بہت بڑا طبقہ ہے جو نہیں چاہتا مذاکرات ہوں، مذاکرات کا سلسلہ ٹوٹنا نہیں چاہیے۔انہوں نے کہا کہ میری رائے ہے بانی سے موجودہ قیادت کے بجائے سینئرز کی ملاقات کرائی جائے، مشکلات آئیں گی لیکن

سول ڈیفنس وارڈنز پاکستان کی حفاظت کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، بابر شہزاد

انشاء اللہ ہم اپنے نوجوانوں کے لئے بہترین کاوشیں عمل میں لائیں گے تاکہ وہ پاکستان کی حفاظت کرنے میں اپنا مکمل کردار اد